حبیب گرلز اسکول

یونٹ اتجزیہ ۲۷-۲۰۲۶ء

اخلاقیات - جماعت سوم

دورانیہ: ۳۰منٹ

نام:__________ جماعت سوم:__________ اندراج نمبر:__________ تاریخ:__________

سچ بولنا بہت اہم ہے۔ سچ بولنے والا شخص لوگوں کا اعتماد حاصل کرتا ہے اور کامیابی پاتا ہے۔ سچ بولنے سے نجات ملتی ہے جبکہ جھوٹ بولنے سے مشکلات پیدا ہوتی ہیں۔ اس لیے ہمیں ہمیشہ سچ بولنا چاہیے۔ گفتگو کے آداب بھی ہماری زندگی میں بہت اہم ہیں۔ ہمیں دوسروں سے نرمی، ادب اور احترام کے ساتھ بات کرنی چاہیے۔ بات کرتے وقت دوسروں کی بات غور سے سننی چاہیے اور اونچی آواز یا بدتمیزی سے بچنا چاہیے۔ اچھے اخلاق اور اچھی گفتگو انسان کی شخصیت کو بہتر بناتے ہیں اور لوگوں کے دلوں میں اس کی عزت بڑھاتے ہیں۔ مذہب اور اخلاقیات ہمیں سچ بولنے، امانت داری، دوسروں کی مدد کرنے اور اچھے اخلاق اپنانے کی تعلیم دیتے ہیں۔ اگر ہم سچائی اور اچھے آداب کو اپنی زندگی کا حصہ بنالیں تو ہم ایک اچھے اور ذمہ دار انسان بن سکتے ہیں۔

سوال نمبر ا۔ درست جواب منتخب کریں اور اس میں رنگ بھریں۔

ا۔ سچ بولنے سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟

الف۔ لوگوں کا اعتماد حاصل ہوتا ہے　　ب۔ ناکامی ملتی ہے　　ج۔ سزا ملتی ہے۔

۲۔ جھوٹ بولنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟

الف۔ خوشی ملتی ہے　　ب۔ مشکلات بڑھتی ہیں　　ج۔ کامیابی حاصل ہوتی ہے۔



LIVEWORKSHEETS

۳۔ گفتگو کرتے وقت دوسروں سے کیسے بات کرنی چاہیے؟

الف۔ غصے سے　　ب۔ نرمی اور ادب سے　　ج۔ اونچی آواز میں

۴۔ اچھی گفتگو انسان کی کیا بڑھاتی ہے؟

الف۔ عزت　　ب۔ پریشانی　　ج۔ کمزوری

۵۔ مذہب اور اخلاقیات ہمیں کیا سکھاتے ہیں؟

الف۔ اچھے اخلاق اور سچائی　　ب۔ جھگڑا کرنا　　ج۔ دوسروں کو تنگ کرنا

سوال نمبر ۲: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

۱: آپ گفتگو کرتے وقت کن باتوں کا خیال رکھتی ہیں؟ دو باتیں لکھیے

جواب:______

______

______

سوال نمبر ۳: اگر آپ سے غلطی ہو جائے تو کیا سچ بولنا چاہیے؟ کیوں؟

جواب:______

______

______



LIVEWORKSHEETS

## تاثرات جانچ

| نمبر شمار | عنوانات | بہترین | بہتر | ارتقائی | نو آموز | محنت کی ضرورت ہے | جواب حل نہیں کیا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | کثیر الانتخابی جوابات | تمام دُرست جوابات کی نشاندہی کر سکیں۔ | ۴۔۳ دُرست جوابات کی نشاندہی کر سکیں۔ | ۲ درست جوابات کی نشاندہی کر سکیں | غلط جوابات منتخب کر سکیں۔ | درست جوابات کی نشاندہی کرنے سے قاصر رہیں۔ | |
| ۲ | گفتگو کے آداب | تمام آداب عمدگی سے تحریر کر سکیں۔ | بہتر انداز میں گفتگو کے آداب تحریر کر سکیں۔ | کسی حد تک درست آداب لکھ سکیں۔ | گفتگو کے آداب لکھنے کی کوشش کی۔ | گفتگو کے آداب لکھنے سے قاصر رہیں۔ | |
| ۳ | سچ کے فوائد | جواب عمدگی سے تحریر کر سکیں۔ | جواب بہتر انداز میں تحریر کر سکیں۔ | جواب کسی حد تک درست فوائد لکھ سکیں۔ | جواب لکھنے کی کوشش کی۔ | جواب لکھنے سے قاصر رہیں۔ | |

معلّمہ کے دستخط:_______________ والدین کے دستخط:_______________



LIVEWORKSHEETS